20/06/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*........ وزیر اعظم نریندر مو دی نے بِہار میں 5 ہزار 900 کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے پروجیکٹوں کو کیا قوم کے نام وقف۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں میں لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کےلئے رابطہ دفتر کا کیا افتتاح// کہا حکومت تمام علاقوں کی مساوی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند۔

*........ صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے دیویانگ جن کو زندگی کے تمام شعبوں میں با اختیا ربنانے کی ضرورت پر دیا زور۔

اور

*........ کل منایا جا رہا ہے یو گا کا11واں بین الاقوامی دن// جمونو کشمیر میں ہو رہا ہے متعدد یو گا تقاریب کا انعقاد۔

PM

وزیر اعظم نریندر مو دی نے آج ویڈیو کانفرسنگ کے ذریعے سیوان بِہار میں5ہزار900کروڑ روپے سے زائد لاگت والے پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کیا اور کئی ایک کا سنگ بنیاد رکھا۔ ان آواس یوجنا ، ریلویز، بجلی اور دیگر سیکٹروں سے تھا۔ اس موقعے پر وزیر PMپروجیکٹوں کا تعلق اعظم نے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ پوری دنیا بے مثال ترقی کےلئے بھارت کی تعریف کررہی ہے اور

دنیا بھارت کے اقتصادی ترقی کا مشاہدہ کررہی ہے۔ انہوننے کہا کہ بِہار، ملک کو مکمل طور سے وِکست بنانے میں ایک اہم رول ادا کر رہا ہے۔

اُڑیشہPM

بعد میں وزیر اعظم اُڑیشہ کے دورے پر بھوبنیشور ہ پہنچ گئے جہاں انہوں نے ریاست میں حکومت کا ایک سال مکمل ہونے پر منعقدہ روڈ شو میں شرکت کی۔ وزیر اعظم وہاں18کروڑ 6سو BJP روپے لاگت والے پروجیکٹوں کو بھی قوم کے نام وقف کر رہے ہیں۔

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے زندگی کے تمام شعبوں میں دیویانگ جنوں کی حوصلہ افزا ئی کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ دہرا دون میں آج قوت بینائی سے محروم افراد کی بہبودی سے متعلق نیشنل انسٹی چیوٹ میں طلباءسے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجیوں کو بروئے کار لاتے ہوئے دیویانگ جن سماج میں ایک مثبت رول ادا کر سکتے ہیں ۔ انہوننے اس طبقے کے بچوں کو معیار تعلیم سے روشنا س کرانے میں قومی تعلیمی پالیسی کے رول کو اُجاگر کیا۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج جموں میں رابطہ دفتر کا افتتاح کیا۔ اس پہل سے جموں میں بنیادی سطح پر آوٹ ریچ کو تقویت بخشنے اور لوگوں کے مسائل کو حل کرانے میں مدد ملے گی۔ کئی وفود اس موقعے پر وزیر اعلیٰ سے ملاقی ہوئے اور اپنے اپنے مسائل انکے نوٹس میں لائے۔ وزیر اعلیٰ نے لوگوں کے مسائل غور سے سنے اور انہیں یقین دلایا کہ جائز مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر پورا کیا جائیگا۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ اُنکی حکومت جموں وکشمیر کے تمام خطوں کی مساوی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔ اس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصراسلم وانی اور کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

جتندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی قیادت میں پچھلی ایک دہائی کے دوران بھارت نے بنیادی ڈھانچے کے شعبے میں نمایاں ترقی حاصل کی ہے۔ انہوننے کہا کہ جمونو کشمیر نے بھی پچھلے 11برسوں کے دوران تمام سیکٹروں میں بے مثال پیش رفت کی ہے۔ کٹرہ ۔ دہلی ایکسپریس وے کا ذکر کرتے ہوئے وزیرموصوف نے کہا کہ اس شاہراہ کی بدولت جمونو کشمیر اور دلی کے درمیان دوریاں کو کم ہو گئی ہیں ۔ انہوننے کہا کہ یہ ایکسپریس وے جمونو کشمیر کے نوجوانوں کے ساتھ سیاحت، تجارت اور توقعات کی شہ رگ ہے۔

## جتندر

ادھر جتندر سنگھ نے کہا کہ ٹیلی ویژن کے شعبے میں بھی ہمارا ملک تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اور اب مختلف ٹی وی چینلوں کے ذریعے سے معیاری پروگرام لوگوں تک پہنچائے جا رہے ہیں۔

## ملاقات جتندر

دریں اثناءکئی عوامی وفود آج نئی دلی میں بی جے پی ہیڈ کواٹر پر سہیوگ پروگرام کے تحت ڈاکٹر جتیندر سنگھ سے ملاقی ہوئے۔ انہوں نے کئی معاملات وزیر موصوف کی نوٹس میں لائے۔

## یوگا دن

کل پوری دنیا میں یو گا کا11واں بین الاقوامی دن جوش و خروش کے ساتھ منایاجا رہا ہے۔ اس سال یو گا دن کےلئے تمام تیاریاں مکمل Yoga for one Earth, one Healthگا دن کا موضوع ہے ۔ یو کی جا چکی ہیں اور دنیا بھر کے ساتھ ساتھ بھارت میں منعقد ہونے والی یوگا تقاریب میں کروڑوں کی تعداد میں لوگ یو گا کریں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں وشاکھاپٹنم آندھرا پردیش مینقومی سطح کی بڑی یوگا تقریب منعقد ہوگی جس میں تین لاکھ سے زائد افرادکی شرکت متوقع ہے ۔ ادھر جمونو کشمیر میں بھی کل آیوش محکمے کی طرف سے صبح سویرے متعدد یو گا تقاریب کا اہتمام سرینگر میں منعقد ہو رہی ہے۔اس حوالے SKICC کیا جا رہا ہے۔ کل یو گا کی سب سے بڑی تقریب سے ڈائریکٹر آیوش جمونو کشمیر ڈاکٹر نظہت بشیر شاہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا ۔

## یو گا تقاریب

دریں اثناءیو گا دن کے تناظر میں آج جے اینڈ کے سپورٹس کونسل کی طرف سے تاریخی لالچوک اور رائل سپرینگس گالف کورس میں یو گا سیشنز کا انعقاد کیا گیا، جن کا مقصد یو گا کو جمونو کشمیر کے ثقافتی اور قدرتی خوبصورتی کے منظر نامے کے ساتھ مربوط کر کے امن ، رواداری اور قومی یکجہتی جیسے اقدار کو تقویت بخشنا ہے۔

## یوگا وندنا

یوگا انسان کی ذہن و جسمانی نشونما کو فروغ دینے میں ایک کلیدی رول ادا کر تا ہے۔ ہر ایک انسان بلا لحاظ عمر و جنس یو گا کے مختلف آسنوں کو بروئے کار لاکر ایک صحت مند زندگی گذار سکتا ہے۔ اس حوالے سے آرٹ آف لِونگ نامی ادارے کی ریجنل ڈائریکٹروندنا دفتری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

سیاحتی سیکٹر

سیاحتی سیکٹر کو جموںو کشمیر کے اقتصادی و ثقافتی منظر نامے میں ریڈ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔ وادی میں سیاحتی سیکٹر بحالی کی راہ پر گامزن ہے۔ سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کےلئے اگر چہ سرکاری و غیر سرکاری سطح پر کاوشیں جا ری ہیں تاہم اس حوالے سے ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔

ایسوسی ایشن کے صدر منظور احمد پختون نے اس حوالے سے آکاشوانی نیوز Owners ہاوس بوٹ سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

حج

حج2026کیلئے ممکنہ طور پر اگلے مہینے فارم جاری ہونے کی امید ہے۔حج 2026 کیلئے جو عازمین حج کمیٹی کے ذریعے سے درخواست دینے کے خواہشمند ہوں، ان کے پاس 31 دسمبر 2026تک کا پاسپورٹ ہونا لازمی ہے۔

اس حوالے سے جموںو کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

ایران واپسی

مرکزی سرکار کی طر ف سے اسرائیل اور ایران کے درمیان بڑھتی کشیدگی کے تناظر میں ایران سے بھارتی شہریوں اور طلباءکو آپریشن سندھو کے تحت وہاں سے واپس لانے کا کام جا ری ہے اور اب تک کئی کشمیری طلباءسمیت کا فی تعداد مینلوگوں کو وہاں واپس لایا گیا ہے۔ ایران میں زیر تعلیم کئی کشمیری طلباءواپس اپنے اپنے گھروں کو پہنچ گئے ہیں۔ کئی طالب علموں نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

دریں اثناءطلباءکی وطن واپسی سے متعلق آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کر دہ خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے 8بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر ہو گا۔

داخلہ

اعلیٰ تعلیم محکمے نے تمام ڈگری کالجوں اور جموں یونیورسٹی کیمپسزمیں چار سالہ انڈ ر گریجویٹ پروگراموںکیلئے داخلے کا اعلان کیا ہے۔ PG اور انٹیگریٹیڈ

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے اس بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگرکو تفصیلات دیتے ہوئے کہا۔

اوقات کار

سرکار نے وادی میں تعلیمی اداروں کے اوقات کار میں تبدیلی کا اعلان کیا ہے۔اسکولی تعلیم محکمے کی جانب سے جاری ایک حکمنامے کے مطابق سرینگر کے میونسپل حدود میں آنے والے تمام سرکار ی اور پرائیوٹ اسکولوں کے اوقات کار صبح8بجے سے دو پہر ایک بجے تک ہوں گے جبکہ سرینگر ضلع کے میونسپل حدود کے باہر اور وادی کے باقی دیگر اضلاع میں اسکولوں کے اوقات کار صبح ساڑھے 8بجے سے دوپہر ڈیڑھ بجے تک ہوں گے۔اس حکمنامے کا اطلاق کل یعنی 21جون سے ہوگا۔

نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ڈی ڈی سی ممبر اور حج کمیٹی آف انڈیا کے ممبر انجینئر اعجاز حسین نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

NCC

ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے ایک سپیشل نیشنل انٹگریشن کیمپ منعقدکیا جا NCCسرینگر میں ان دنوں رہا ہے۔ 12روز تک جاری رہنے والے اس کیمپ میں مختلف ریاستوں ویو ٹیز سے تعلق رکھنے سرینگر کے گروپ کمانڈر برگیڈر دیپک سجن ہار NCCشرکت کر رہے ہیں۔ ANOsوالے340کیڈٹ اور نے آج ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کرتے ہوئے کیمپ کی افادیت کے بارے میں کہا۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے جموں میں پارٹی کارکنوں اور عوامی وفود کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ نیشنل کانفرنس حکومت لوگوں کو راحت پہنچانے کے کاموں میں جٹی ہوئی ہے۔ انہوننے کہا کہ لوگوں کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کیا جائے گا۔

کانگریس

کانگریس نے نائب تحصیلدار اسامیوں کے انتخاب کیلئے اُردو کی طرح یو ٹی کی دیگر سرکاری زبانوںکو مساوی درجہ دینے پر زور دیا ہے۔ JKPCC کے ترجمان اعلیٰ رویندر شرما نے ایک پریس بیان میں کہا ہے کہ ایسا کرنے سے تمام امید وار ان اسامیوں کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔

PDP

پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے کہا ہے کہ منزگام کولگام میں ساتھ ساتھ واقع با با قیام الدین ؒ کی زیارت گاہ اور راگنی دیوی کا مندر صدیوں سے ثقافتی گوناگونیت اور مذہبی رواداری و آپسی بھائی چارے کی عظیم مثال ہے۔ ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے چنار کور کے GOC سے اپیل کی ہے کہ وہ مذکورہ علاقے میں پیدا شدہ کچھ عوامی خدشات کو دور کرنے کےلئے فوری اقدامات کریں۔

BJP

بی جے پی جموںو کشمیر کی طرف سے آج جیون نگر جموں میں وِکست بھارت کا امرت کال۔ سیوا، سوشاسن، غریب کلیان کے11سال موضوع کے تحت ایک بڑے چوپال پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس دوران بی جے پی قومی جنرل سیکریٹری اور جموںو کشمیر کے پربھاری ترون چک اور دیگر لیڈروں نے پچھلے11برسوں کے دوران مرکزی حکومت کی کامیابیوں کو اُجاگر کیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران مو سم عام طور سے خشک جبکہ جموںمیں کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت21اعشاریہ8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموںمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 28اعشاریہ4 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر20 منٹ پر اور غروب آفتاب شام7بجکر46منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ